BHSK/T-II/U/IX/23

پرچہ: اردو　　　　　امتحان: ٹی۔ٹو۔

جماعت: نویں۔　　　　　کل نمبرات: ۴۰

وقت: ۲ ۱/۲ گھنٹے۔　　　　　رول نمبر: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر ۱: ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گیے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (۶)

(مٹی کے صنم) ایک سلسلہ وار قصہ ہے جس میں کرشن چندر بار بار اپنی وادی کشمیر اور پونچھ کا مقابلہ ممبی کی تیز رفتار زندگی کے ساتھ کرتے ہیں اور قاری پر اثر انداز ہوتے ہوے اس بات کا اظہار کرتے ہیں۔ کہ کیونکر عزت، شہرت، نام، پیسہ، رتبہ کمانے کے باوجود کچھ چیزیں ایسی ضروری ہوتی ہیں کہ ایک مرتبہ گنوانے سے دوبارہ حاصل نہیں ہوتی جیسے کردار، اعتماد وغیرہ۔

۱۔ کشمیر اور پونچھ کا مقابلہ کس شہر سے کیا گیا ہے؟

۲۔ کونسی چیزیں ایک بار گنوانے سے دوبارہ حاصل نہیں ہوتی؟

۳۔ اپنے لفظوں میں استعمال کیجیے۔　　اظہار　مقابلہ　زندگی

سوال نمبر ۲: کسی ایک پر دس جملے لکھیے۔ (۵)

اتفاق میں طاقت　　　　علم کے فایدے

سوال نمبر ۳: اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ایکسکرشن جانے کی اجازت مانگی جایے۔ (۵)

یا

علامہ اقبالؒ کی زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۴: دیے گیے اشعار میں کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ (۳)

عیش و عشرت کا سماں گو کیف پرور تھا وہاں
مانع نظارہ لیکن پردہ در تھا وہاں

یا

چلے ہوا ایسی جگہ چھوڑ کر ہمیں سب کو
جہاں نہ دوست نہ ہمدم نہ کوئی مونس ہے

سوال نمبر۵: صرف چار سوالات کے جوابات لکھیے۔ (۸)

۱۔ زندگی کے سارے نظام کس سے قایم ہے؟

۲۔ سرائے فانی سے کیا مراد ہے؟

۳۔ تعلیم کی قدر و قیمت کیا ہے؟

۴۔ دل بہلانے کی کیا صورت ہے؟

۵۔ شورش کشمیری کا اصلی نام کیا ہے؟

۶۔ گوشۂ تنہائی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۶: (الف) فاعل اور مفعول کو درج ذیل جملوں میں سے نکالیے۔ (۳)

احمد نے شیر کو مارا۔ لڑکی نے پتھر کو توڑا۔

(ب) جملوں میں صفت ذاتی تین درجے لکھیے۔ (۳)

محمد اکرم ذہین طالب علم ہے اسلم اکرم سے زیادہ ذہین ہے لیکن اشرف سارے طالب علموں سے زیادہ ذہین ہے۔

(ج) ضد لکھیے۔ (۳)

صحت مند اقرار قدیم عزت

(د) مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیے۔ (۲)

بیوی مرحوم دادا نائی دھوبن

(ر) واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ (۲)

فرض حالات معلمین نقوش

Total Number of Questions 08

Roll No.......... ..............

# Class 9th

# Term 2nd 2019

**Series-B**

## URDU اردو

میقات۔ دوم      وقت۔ ڈھائی گھنٹے      نمبرات۔ 40

سوال نمبر۱: درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان دے کر کم از کم ایک سو پچاس الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: (8)

(الف) قدرت نے ہر شے کو کسی مقصد کے تحت پیدا کیا ... انسان کا بھی کوئی مقصد ہوگا ...... میرا بھی ایک مقصد ہے ........ ڈاکٹر بن کر خدمت کروں ...... غریبوں کا مفت علاج ... بغیر مقصد کے زندگی بے کار۔

(ب) دور جدید میں کھیلوں کی زیادہ اہمیت ...... اب یہ تجارت کا بہترین ذریعہ ... ملکوں اور قوموں کی عزت ..... بہترین تفریح تو ہے ہی صحیح جسم میں ہی دماغ ... جسمانی اور روحانی صحت کے لیے ... فرض شناسی اور وقت کی پابندی وغیرہ۔

(ج) پانی کی قلت ایک عالمگیر مسئلہ ... پانی کے قدرتی ذرائع ختم ہو رہے ہیں ندی نالوں دریاؤں چشموں کا پانی ناصاف تیسری عالمگیر جنگ پانی پر ...... صاف پانی کے بچاؤ کے لئے تحریک کی ضرورت کیا ہم تیار ہیں۔



https://www.jkboseonline.com

سوال نمبر۲: آپ کا بھائی پڑھائی سے جی چرا رہا ہے۔ اُس کے نام ایک خط لکھیے، جس میں اُس پر تعلیم کی اہمیت واضح کی گئی ہو۔

(یا)

اپنے والد کے نام ایک خط لکھیے جس میں اپنی پڑھائی کے متعلق ساری تفصیلات سے انہیں آگاہ کیا جائے۔

(یا)

آپ نے دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہے اب تعلیم جاری رکھنے کے لئے دوسرے سکول میں داخلہ لینا ہے اپنے سکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹفکیٹ اجرا کرنے کی درخواست لکھیے۔

(06)

سوال نمبر۳: درج ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ (06)

(الف) حکومت اور قوموں پر زوال کیسے آتا ہے؟

(ب) کرشن چندر نے پونچھ کو روم سے کیوں تشبیہ دی؟

(ج) غالبؔ نے رام پور کی تعریف میں کیا کہا ہے؟

(د) نذیر احمد نے آج کل کی تعلیم کی کون کون سی خامیاں بتائی ہیں؟

(ہ) صمد جو نے جانوروں کی کھالوں میں نیا جسم فٹ کرنے کا فن کس سے سیکھا تھا؟

(یا)

''میں ایک شہر تھا۔ پونچھ'' کا خلاصہ لکھیے۔



https://www.jkboseonline.com

سوال نمبر۴: درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اُردو میں لکھیے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجیے۔

(04)

(الف) اس لڑکی کو بھی دکان کے باہر ایسا ہی نظر آیا ہوگا۔ جب ہی تو وہ دکان میں داخل ہو کر بے حد محتاط انداز میں ڈرتے جھجکتے اس تپائی کے پاس چلی گئی تھی اور اس کے منہ سے ایک عجیب آواز نکلی تھی جو نہ چیخ تھی، نہ کلمہ، حیرت تھا نہ اظہارِ انبساط تھا۔ ایک عجیب آواز تھی جو شاید ہر بچے کے منہ سے نکلتی ہے جب وہ پہلی بار سورج کو طلوع ہوتے دیکھتا ہے۔

(ب) (الف) بھائی تم سیاح آدمی ہو۔ جہاں جایا کرو، مجھ کو لکھ بھیجا کرو کہ میں وہاں جاتا ہوں یا جہاں جاؤ وہاں سے لکھو۔ تمھارے خط کے نہ آنے سے مجھے تشویش رہتی ہے۔ میری تشویش تم کو کیوں پسند ہے۔

سوال نمبر۵: (الف) دیئے ہوئے الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ (02)

گھاس۔ شہر۔ پلے گراونڈ۔ باغات

ہمارا اسکول ........ کے بیچوں بیچ تھا لیکن ........ شہر سے باہر ........ کے کنارے تھا۔ اس پلے گراونڈ میں کوئی ........ نہیں اگا تا تھا۔

(ب) درج ذیل مصادر کے حاصل مصدر لکھیے؟

(02)

پڑھنا، ٹوکنا، خریدنا، بولنا

سوال نمبر۶: کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے: (04)

کرشن چندر۔ شہریار۔ غالب

سوال نمبر۷: درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے: (04)

افسانہ۔ ناول۔ نظم



https://www.jkboseonline.com

(04)

سوال نمبر۸: شاعر کا حوالہ دے کر صرف دو اشعار کی تشریح کیجیے:

ہے ٹھیک یا غلط میرا انداز گفتگو
عابد جو کہنا تھا مجھے وہ کہہ گیا ہوں

اب جی کے بہلنے کی ایک یہی صورت
بیتی ہوئی کچھ باتیں ہم یاد کریں پھر سے

نہ دے اونچائی میرے قد کو بے شک
میری ہر شاخ کو لیکن ثمر دے

پہنا دیا شفق نے سونے کا سارا زیور
قدرت نے اپنے گہنے چاندی کے سب اُتارے

**https://www.jkboseonline.com**
**Whatsapp @ 9300930012**
**Send your old paper & get 10/-**
**अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,**
**Paytm or Google Pay से**